© rasailojaraid.com

## مثالی بچپن : مرتب: محمد اسحٰق ملتانی

ضخامت: ۲۳۲ صفحات، قیمت: ندارد

ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

بچپن، لڑکپن، جوانی اور بڑھاپا انسانی زندگی کے مختلف مراحل ہیں۔ موت کا ایک وقت معین ہے اور وہ صرف اللہ تعالیٰ کے علم میں ہے۔ ضروری نہیں کہ ہر انسان زندگی کے ان تمام مراحل سے گزرے۔ حیات دنیوی کا سفر کسی بھی مرحلے پر مکمل ہو سکتا ہے۔ زندگی کی یہ بہاریں اور کیفیات یقیناً اللہ جل شانہ کی نعمتیں ہیں اور ان کی قدر و منزلت کو شعوری طور پر پہچاننا ایک مومن و مسلم کے ایمان کا تقاضا ہے۔ بچپن، تعلیم و تربیت اور اصلاح کا دور ہے لوحِ دل اور آئینۂ دماغ شفاف اور سادہ ہوتے ہیں۔ معصومیت کی اس عمر میں افکار و خیالات، احساسات اور اعمال پر جو نقوش مرتسم ہو جاتے ہیں وہ بڑھاپے تک قائم رہتے ہیں۔ اور شخصیت کی تعمیر و اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اللہ بھلا کرے حافظ محمد اسحاق ملتانی صاحب کا جنہوں نے اپنی مرتبہ کتاب ''مثالی بچپن'' میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین، اولیا، علما اور صالحین کے بچپن کے مثالی واقعات کو نہایت خوبصورتی سے مرتب کیا ہے۔ فسق و فجور سے لتھڑے ہوئے معاشرے میں اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے تا کہ ہمارے بچے اول فول اور واہی تباہی قسم کا لٹریچر پڑھنے کی بجائے مثبت اور تعمیری تحریروں کو پڑھ کر ملک و قوم اور دین کے بہترین خادم بنیں۔

## مشاہیر عالم اور ان کا سفرِ آخرت

مرتب: مولانا محمد ازہر

ضخامت: 150 صفحات قیمت: ندارد

ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

موت اور زندگی دونوں اللہ حیی و قیوم کی باکمال نعمتیں ہیں۔ ان سے حقیقی فائدہ وہی لوگ حاصل کر سکتے ہیں جو خالق کی مرضی اور حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کرتے ہیں۔ زندگی، خالق کی طرف سے مہلت ہے۔ عمل صالح، اپنے لغزشوں اور کوتاہیوں پر توبہ و استغفار نہ صرف زندگی کو پر بہار اور پر کیف بنا دیتے ہیں بلکہ آخرت کی دائمی زندگی کو بھی مسرتوں سے معمور کر دیتے ہیں۔ اس کے برعکس شیطان کے نقوشِ قدم پر چلنے والوں کی دنیا و آخرت دونوں برباد ہو جاتی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب میں فاضل مرتب نے بڑی محنت اور سلیقے سے انبیأ علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، صلحائے امت، عامۃ المسلمین اور معروف غیر مسلم شخصیات کے آخری کلمات اور کیفیات کو درج کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مقرب بندوں کے آخری لمحات اور کلمات پڑھ کر اصلی گھر جنت کا ذوق و شوق پیدا ہوتا ہے اور غیر مسلموں کے آخری لمحات عبرت اور توبہ کا باعث بنتے ہیں۔ اپنے موضوع پر بہترین کتاب ہے۔


# الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن سپئیر پارٹس تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501




© rasailojaraid.com